A-PDF Watermark DEMO: Purchase from www.A-PDF.com to remove the watermark

# بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بہاول پور۔

## نوٹیفکیشن

مورخہ 21-07-2018

عنوان: سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ امتحان سپلیمنٹری 2018ء کے آن لائن داخلہ فارم، فیس اور ہارڈ کاپی کی وصولی کا شیڈول۔

پنجاب بورڈز کمیٹی آف چیئرمین سے موصولہ مراسلہ نمبر No.289-SY/PBCC/LHR نمبر 45/ میٹنگ مورخہ 17-07-2018 کے مطابق بہاول پور بورڈ کے زیر اہتمام سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ سپلیمنٹری امتحان 2018ء کا انعقاد **مورخہ 8۔ ستمبر 2018ء بروز ہفتہ** سے ہوگا۔ اس امتحان میں شامل ہونے والے ریگولر اور پرائیویٹ امیدواران کے داخلہ فارم آن لائن کرنے اور داخلہ فارم کی ہارڈ کاپی و داخلہ فیس کے بنک چالان کی بورڈ ہذا میں وصولی کا شیڈول درج ذیل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| 1 | آن لائن داخلہ فارم، فیس اور ہارڈ کاپی ارسال کرنے کی بغیر لیٹ فیس کے آخری تاریخ۔ | 06۔ اگست 2018ء |
| 2 | آن لائن داخلہ فارم، فیس اور ہارڈ کاپی ارسال کرنے کی دگنی فیس کے ساتھ آخری تاریخ۔ | 13۔ اگست 2018ء |
| 3 | آن لائن داخلہ فارم، فیس اور ہارڈ کاپی ارسال کرنے کی تین گنا فیس کے ساتھ آخری تاریخ۔ | 20۔ اگست 2018ء |

## داخلہ فیس کی شرح

### (الف) کمپوزٹ امتحان (جماعت نہم و دہم مشترکہ)

| | | ریگولر | پرائیویٹ |
|---|---|---|---|
| 1 | سائنس گروپ یا ایسے مضامین جن میں عملی امتحان ہو۔ | Rs.1300 | Rs. 1400 |
| 2 | آرٹس گروپ یا ایسے مضامین جن میں عملی امتحان نہ ہو۔ | Rs. 1200 | Rs. 1300 |

Result.pk

### (ب) پارٹ سسٹم کے تحت کلاس (نہم و دہم)

| | | ریگولر سنگل پارٹ | پرائیویٹ سنگل پارٹ |
|---|---|---|---|
| 1 | سائنس گروپ یا ایسے مضامین جن میں عملی امتحان ہو۔ | Rs. 650 | Rs. 700 |
| 2 | آرٹس گروپ یا ایسے مضامین جن میں عملی امتحان نہ ہو۔ | Rs. 600 | Rs. 650 |

نوٹ: پروسیسنگ فیس مبلغ -/400 روپے۔

## ضروری ہدایات

(1) کوئی فریش امیدوار سپلیمنٹری امتحان میں شامل ہونے کا اہل نہیں ہے تاہم اسی سال سالانہ امتحان میں تمام مضامین میں فیل ہونے والے امیدواران سپلیمنٹری امتحان میں شامل ہو سکتے ہیں۔

(2) تمام طلباء و طالبات داخلہ فارم بورڈ کی ویب سائٹ www.bisebwp.edu.pk سے آن لائن کریں گے۔ آن لائن داخلہ فارم اور چالان فارم کا پرنٹ آؤٹ لے کر بورڈ کے منظور شدہ یونائیٹڈ بینک میں جمع کروانے کے بعد داخلہ فارم کی ہارڈ کاپی اپنی رہائش کے قریب ترین ہائی سکول کے ہیڈ ماسٹر/ہیڈ مسٹریس سے تصدیق کروا کر دفتر ہذا کو مقررہ تاریخ کے اندر ارسال کریں۔

(جاری ہے)

(3) واضح رہے ایسے امیدواران جو اپنا داخلہ فارم آن لائن کرنے کے بعد اس کی ہارڈ کاپی مقررہ شیڈول کے اندر بورڈ کو ارسال نہیں کریں گے وہ امتحان میں شامل ہونے کے اہل نہ ہونگے۔

(4) کمپارٹمنٹ کی صورت میں امتحان دینے پر متعلقہ گروپ ﴿سائنس / آرٹس﴾ کی پوری فیس وصول کی جائیگی۔

(5) جو امیدواران قبل ازیں امتحان میں شمولیت اختیار کرتے ہوئے داخلہ فیس کے ساتھ سند/سرٹیفیکیٹ فیس ادا کر چکے ہیں وہ اب اپنا داخلہ فارم آن لائن کروانے سے قبل داخلہ فیس کے ہمراہ سند/سرٹیفیکیٹ فیس مبلغ -/550 روپے جمع نہیں کروائیں گے۔

23/7/18

سیکریٹری

## کاپی برائے اطلاع رضروری کاروائی ۔

(1) جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات (سکولز/ہائیر سیکنڈری سکولز)، واقع حدود بہاول پور بورڈ۔

(2) چیف ایگزیکٹو آفیسر/ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر، تعلیم (سیکنڈری) ضلع بہاول پور، بہاولنگر، رحیم یار خان ۔

(3) ریجنل ڈائریکٹر تعلقات عامہ بہاول پور (برائے اشاعت) ۔

(4) نیوز ایڈیٹر، ریڈیو پاکستان بہاول پور (برائے نشریات)۔

(5) منیجر، UBL بورڈ برانچ (مہربانی فرما کر بورڈ کی حدود میں واقع UBL کی تمام برانچز کو نوٹیفکیشن ہذا سے فوری طور پر آگاہ فرمائیں تاکہ شیڈول اور مجوزہ شرح کے مطابق داخلہ فیس و دیگر فیس وصول کی جا سکے)۔

(6) داخلی تقسیم/نوٹیفکیشن فائل۔

23/7/18

انچارج میٹنگ

Result.pk